★ ABC CERTIFIED ★

Member APNS

روزنامہ

تعمیرِ وطن

کوئٹہ

Daily Tameer-e-Watan Quetta

جلد نمبر 28.....شمارہ نمبر 34 بروز منگل 3 نومبر 2026ء 22 جمادی الاول 1448ھ.....قیمت 7 روپے (صفحات 4) کوئٹہ اور اسلام آباد سے بیک وقت شائع ہونے والا قومی اردو روزنامہ چیف ایڈیٹر: محمد عاطف خان.....ایڈیٹر: ایم ایس خان

چلاک، جے یو آئی تحصیل چلاک کے زیر اہتمام تربیتی کنونشن، مرکزی و صوبائی قیادت کا خطاب

کوئٹہ (یو این اے) جمعیت علما اسلام بلوچستان کے صوبائی امیر سینیٹر مولانا عبدالواسع، ضلع کوئٹہ کے امیر مولانا عبدالرحمن رفیق، سیکرٹری جنرل حاجی عین اللہ، خس تحصیل چلاک امیر مولانا محمد سلیمان، حاجی قاسم خان خلجی، مولانا عبدالمجید، مولوی محمد اقبال اور دیگر نے تحصیل چلاک کے زیر اہتمام منعقدہ عظیم الشان تربیتی کنونشن سے خطاب کرتے ہوئے کہا کہ جمعیت علما اسلام کے کارکنان موجودہ پرفتن دور میں جماعت مخالف قوتوں کی جانب سے جاری منفی پروپیگنڈے کا مقابلہ دلیل، سیاسی بصیرت اور اخلاقی اقدار کے دائرے میں رہتے ہوئے کریں۔

مائنز اینڈ منرلز ایکٹ کے خلاف اسمبلی میں پرائیویٹ بل لاؤں گا، یونس عزیز زہری

کوئٹہ (یو این اے) بلوچستان اسمبلی میں اپوزیشن لیڈر میر یونس عزیز زہری نے ایک اہم اور سنسنی خیز انٹرویو دیتے ہوئے صوبے میں امن و امان کی ابتر صورتحال، مدارس بل اور معدنیات کے قوانین کے حوالے سے صوبائی حکومت کو شدید تنقید کا نشانہ بنایا ہے اور مائنز اینڈ منرلز ایکٹ پر پرائیویٹ بل اسمبلی میں لانے کا اعلان کیا ہے۔ اپوزیشن لیڈر میر یونس عزیز زہری نے صوبے میں بدامنی پر گہری تشویش کا اظہار کرتے ہوئے کہا کہ بلوچستان میں امن و امان کی صورتحال انتہائی گھمبیر ہو چکی ہے۔

مالیاتی نظام کی بہتری کے لیے ڈیجیٹل جدت ناگزیر ہے، محمد اورنگزیب



اسلام آباد (یو این اے) وفاقی وزیر برائے خزانہ و محصولات سینیٹر محمد اورنگزیب نے کہا ہے کہ پاکستان اپنے موجودہ ریورباٹم قرضوں کی نوکنائزیشن کا جائزہ لے رہا ہے اور اس سلسلے میں مشاورت جاری ہے، رواں مالی سال (باقی صفحہ 2 نمبر 4)

ممبر سازی مہم سے حقیقی آزادی کی جدوجہد کو تقویت ملے گی، صادق آغا



کوئٹہ (یو این اے) پاکستان تحریک انصاف بلوچستان کے صوبائی سینئر نائب صدر اور معروف قبائلی شخصیت سید صادق آغا نے کہا ہے کہ پاکستان تحریک انصاف بلوچستان میں پارٹی کی ممبر شپ مہم کا آغاز کر دیا گیا ہے، جس کا مقصد پارٹی کو صوبے بھر میں مزید فعال، منظم اور (باقی صفحہ 2 نمبر 3)

ڈیجیٹل سروس ڈلیوری جدید طرز حکمرانی کا بنیادی تقاضا ہے، ربابہ بلیدی



کوئٹہ (خ ن) وزیر اعلیٰ بلوچستان کی مشیر برائے ترقی نسواں ڈاکٹر ربابہ خان بلیدی نے کہا ہے کہ ڈیجیٹل سروس ڈلیوری جدید طرز حکمرانی کا بنیادی تقاضا ہے، جس کے ذریعے سرکاری خدمات کی فراہمی میں شفافیت، تیزی اور موثریت لانے کے ساتھ عوامی مشکلات میں کمی اور سرکاری ادارہ (باقی صفحہ 2 نمبر 2)

چین کی کمیونسٹ پارٹی کی مرکزی کمیٹی کے شعبہ بین الاقوامی امور کے وزیر لیو ہائیکنگ (Haixing Liu) نے جنرل ہیڈ کوارٹرز راولپنڈی میں آرمی چیف و چیف آف ڈیفنس فورسز فیلڈ مارشل سید عاصم منیر سے ملاقات

پاک چین تاریخی اور آزمودہ تعلقات خطے میں خصوصی اہمیت کے حامل ہیں، فیلڈ مارشل

چینی وزیر لیو ہائی شنگ کی جی ایچ کیو راولپنڈی آمد، فیلڈ مارشل عاصم منیر سے ملاقات، چینی وزیر کا آگے بڑھنے کا عزم، باہمی دلچسپی کے شعبوں میں تعاون کو مزید وسعت دینے کی اہمیت پر زور دیا

راولپنڈی (آن لائن) چیف آف آرمی سٹاف اور چیف آف ڈیفنس فورسز فیلڈ مارشل سید عاصم منیر نے کہا ہے کہ پاک چین تاریخی اور آزمودہ تعلقات خطے میں خصوصی اہمیت کے حامل ہیں۔ چین کی کمیونسٹ پارٹی کی مرکزی کمیٹی کے شعبہ بین الاقوامی امور کے وزیر لیو ہائیکنگ (Liu Haixing) نے جنرل ہیڈ کوارٹرز راولپنڈی میں آرمی چیف و چیف آف ڈیفنس فورسز فیلڈ مارشل سید عاصم منیر سے ملاقات کی، ملاقات کے دوران باہمی دلچسپی کے امور، علاقائی و بین الاقوامی سکیورٹی کی بدلتی ہوئی صورتحال اور دوطرفہ تعلقات پر تبادلہ خیال کیا گیا۔ پاک فوج کے شعبہ تعلقات عامہ (باقی صفحہ 2 نمبر 1)



اسلام آباد، وزیر اعظم شہباز شریف جناح میڈیکل اینڈ ریسرچ سینٹر کے قیام پر پیش رفت کا جائزہ لینے کے لیے اجلاس کی صدارت کر رہے ہیں

پاکستان کی سوچ بھارت جیسی نہیں پاکستان اپنی داخلی سلامتی کے مسائل کی ذمہ داری کسی دوسرے ملک پر ڈالنے کے بجائے انہیں خود حل کرنے پر یقین رکھتا ہے، تاہم افغانستان دہشت گردوں کا بنیادی مرکز ہے

خیبر پختونخوا میں بڑے فوجی آپریشن نہیں بلکہ انٹیلی جنس بیسڈ کارروائیاں جاری ہیں، سیکیورٹی فورسز روزانہ تقریباً 200 آپریشن کرتی ہیں، افغانستان دہشت گردوں کی قیادت، تربیت اور لانچ پیڈز کا بنیادی مرکز ہے

دہشت گردی کے سہولت کاروں میں سے ایک خیبر پختونخوا کی نااہل حکومت ہے

ڈی جی آئی ایس پی آر

دہشت گردی کے خلاف پاکستان کی واضح حکمت عملی موجود، دہشت گردوں اور ان کے سہولت کاروں کا خاتمہ اولین ترجیح ہے، ڈی جی آئی ایس پی آر لیفٹیننٹ جنرل احمد شریف چوہدری کی خبر رساں ادارے کو انٹرویو

اسلام آباد (آن لائن) ڈی جی آئی ایس پی آر لیفٹیننٹ جنرل احمد شریف چوہدری کے برطانوی خبر رساں ادارے کو دیئے گئے انٹرویو کی مزید تفصیلات سامنے آگئیں ان کا کہنا ہے کہ پاکستان دہشت گردی کے خلاف ایک واضح اور جامع حکمت عملی پر عمل پیرا ہے، جس کا بنیادی مقصد ملک کے اندر موجود دہشت گردوں اور ان کے تمام سہولت کاروں کا خاتمہ ہے۔ پاکستان اپنی داخلی سلامتی کے مسائل کی ذمہ داری کسی دوسرے ملک پر ڈالنے کے بجائے انہیں خود حل کرنے پر (باقی صفحہ 2 نمبر 6)

صوبائی محتسب بلوچستان کی جانب سے کھلی کچہری کا انعقاد

مسائل کے حل کیلئے عملی اقدامات کیے جائیں اور عوام کو بروقت ریلیف فراہم کیا جائے

لورالائی (خ ن) لورالائی ڈسٹرکٹ کونسل ہال میں صوبائی محتسب بلوچستان کی جانب سے کھلی کچہری کا انعقاد کیا گیا، جس کی صدارت صوبائی محتسب کے ریجنل ڈائریکٹر عبدالغفار میاں خیل نے کی۔ کھلی کچہری میں اسسٹنٹ کمشنر لورالائی احمد زیب کاکڑ، ڈی ایس پی کریم مندوخیل سمیت مختلف سرکاری محکموں کے افسران اور سربراہان نے شرکت کی کھلی (باقی صفحہ 2 نمبر 8)

لورالائی ضلعی انتظامیہ کی ناجائز تجاوزات کے خلاف آپریشن

تمام دکانداران اور تجاوزات قائم کرنے والے عناصر کو سختی سے متنبہ

لورالائی (خ ن) ڈپٹی کمشنر لورالائی کیپٹن (ر) محمد حسیب شجاع کی خصوصی ہدایات پر شہر میں ٹریفک کی روانی، شہریوں کو درپیش مشکلات کے خاتمے اور سرکاری و عوامی راستوں کو تجاوزات سے پاک رکھنے کے لیے ضلعی انتظامیہ کی جانب سے ناجائز تجاوزات کے خلاف بھرپور آپریشن کیا گیا اسسٹنٹ کمشنر لورالائی احمد زیب کی سربراہی میں ٹریفک پولیس (باقی صفحہ 2 نمبر 5)

پاکستان علماء کونسل کا ملک گیر علماء و مشائخ کنونشنز کا فیصلہ، مساجد میں ''دارالصلح'' قائم کرنے کا اعلان

لاہور (آن لائن) پاکستان علماء کونسل کی مرکزی جلسہ شوریٰ و عاملہ کے اجلاس میں ملکی و عالمی صورتحال کا جائزہ لیتے ہوئے انتہا پسندی کے خاتمے، بین المسالک ہم آہنگی اور قومی اتحاد کے لیے ملک گیر علماء و مشائخ کنونشنز کے انعقاد (باقی صفحہ 2 نمبر 7)

سابقہ اہلیہ سے لاکھوں روپے نقدی سونا واپس دلایا جائے، سی ٹی ڈی اہلکار

کوئٹہ (یو این اے) سی ٹی ڈی بلوچستان کے اہلکار محمد آصف (رہائشی جوائنٹ روڈ کوئٹہ) نے کوئٹہ پریس کلب میں پریس کانفرنس کرتے ہوئے اپنی سابقہ اہلیہ اور پولیس حوالدار یاسر کے خلاف شدید تحفظات اور سنگین الزامات کا اظہار کیا ہے، جبکہ وزیر اعلیٰ بلوچستان اور اعلیٰ حکا (باقی صفحہ 2 نمبر 29)

پولیو کا خاتمہ قومی ذمہ داری ہے، ڈپٹی کمشنر فریدہ ترین

حکومت پولیو کے مکمل خاتمے کیلئے تمام دستیاب وسائل بروئے کار لا رہی ہے

ضلع صحت پور کو پولیو سے پاک بنانے کے حکومتی مشن کو کامیابی سے ہمکنار کیا جا سکے

صحت پور (خ ن) ڈپٹی کمشنر فریدہ ترین نے بچے کو پولیو سے بچاؤ کے قطرے پلا کر ضلع صحت پور میں انسداد پولیو مہم کا باقاعدہ آغاز کیا اس موقع پر محکمہ صحت کے افسران اور متعلقہ حکا (باقی صفحہ 2 نمبر 30)

آئی ایس پی آر) کے مطابق دونوں جانب سے پاکستان اور چین کے درمیان ہر موسم کے اسٹریٹجک تعاون پر مبنی شراکت دار (باقی صفحہ 2 نمبر 1)



اسلام آباد، وفاقی وزیر خزانہ سینیٹر محمد اورنگزیب سے بنگلہ دیشی وزیر اعظم کے مشیر خزانہ راشد المحمود وفد ملاقات کر رہا ہے

حکومت کی جانب سے پیٹرول پر دی جانے والی خصوصی رعایت سے 13 ملین سے زیادہ صارفین مستفید ہو رہے ہیں، مشترکہ پریس کانفرنس

نئے فارمولے کے تحت پیٹرول کی قیمت میں 15 روپے فی لیٹر کمی ہو سکتی ہے، وزیر پیٹرولیم

عوام پر نہیں ڈالا گیا، مقامی ریفائنریز ماہانہ 15 ارب روپے کا اضافی مالی بوجھ خود برداشت کر کے ریلیف فراہم کریں گی، علی پرویز ملک

وزیر اعظم کی ہدایت پر پیٹرول کی قیمت میں 15 روپے فی لیٹر کے ممکنہ اضافے کا بوجھ عوام پر نہیں ڈالا گیا، وفاقی وزیر اطلاعات عطاء اللہ تارڑ

اسلام آباد (آن لائن) وفاقی وزیر پیٹرولیم علی پرویز ملک نے عوام کو خوشخبری دی ہے کہ نئے فارمولے کے تحت پیٹرول کی قیمت میں 15 روپے فی لیٹر کمی ہو سکتی ہے، جمعہ کو پیٹرول کی قیمت میں 15 روپے فی لیٹر اضافہ ہونا تھا جو نہیں کیا گیا۔ وزیر اطلاعات عطاء اللہ تارڑ نے کہا ہے کہ وزیر اعظم کی ہدایت پر پیٹرول کی قیمت میں 15 روپے فی لیٹر کے ممکنہ اضافے کا بوجھ عوام پر نہیں ڈالا گیا، مقامی ریفائنریز ماہانہ 15 ارب روپے کا اضافی مالی بوجھ خود برداشت کر کے صارفین کو ریلیف فراہم کریں گی۔ اسلام آباد میں وفاقی وزیر اطلاعات عطا اللہ تارڑ کے ہمراہ پریس (باقی صفحہ 2 نمبر 28)



اسلام آباد، وزیر اعظم شہباز شریف ایس ایم ای، ہاؤسنگ اور زراعت سے متعلق جائزہ اجلاس کی صدارت کر رہے ہیں

پوائنٹ آف آرڈر

ڈی جی آئی ایس پی آر کی بریفنگ

ڈی جی آئی ایس پی آر کی بریفنگ

ڈی جی آئی ایس پی آر کی بریفنگ

روزنامہ
تعمیر وطن
TAMEER-E-WATAN
ABC CERTIFIED

شہداء کی قربانیاں

رند قبائل کے سربراہ سابق وفاقی وزیر سینئر سیاست دان سردار یار محمد رند نے کہا ہے کہ چار نومبر ہمیں رند قبائل کے معصوم بچوں سمیت نوجوانوں کی لاوزال قربانیوں کی عظیم یاد دلاتا ہے جب ان شہداء نے اپنی قیمتی جانوں کے نذرانہ پیش کر کے رند قوم قبائل کے ننگ وناموس کو بچایا ان تمام شہداء کی قربانیوں کو کسی صورت فراموش نہیں کریں گے ان خیالات کا اظہار انہوں نے شہداء کی برسی کے موقع پر گفتگو کرتے ہوئے کیا چیف آف رند سردار یار محمد رند نے کہا کہ رند قبائل نے ہمیشہ جرات بہادری کے ساتھ امن ترقی خوشحالی کے دشمنوں کو شکست دی چار نومبر رند قبائل اپنے شہداء کو یاد کر کے ان کو خراج تحسین پیش کرتے ہیں ہمیں اپنے تمام شہداء پر ناز ہے ان کی دی جانے والی قربانیوں کو کسی صورت فراموش نہیں کریں گے رند قبائل کے سربراہ چیف آف رند سردار یار محمد رند نے کہا ہے کہ وہی قوم قبیلے ترقی خوشحالی کی جانب تیزی کے ساتھ گامزن ہوتے ہیں جو متحد منظم ہو کر اپنی رویات رسم ورواج ثقافت کے مطابق زندگی بسر کرنے کے ساتھ ساتھ قوم قبیلے کی درست سمت میں راہنمائی کرتے ہیں رند پینل کی سیاست کا مقصد بلوچستان سمیت ملک بھر میں آباد رند قوم قبیلے کی ترقی خوشحالی اور علاقائی عوام کی خدمت کر کے ان کو درپیش مسئلہ مسائل کا تدراک ممکن بنانا ہے۔

بقیہ 01

ی کو مزید مستحکم کرنے کے عزم کا اعادہ بھی کیا گیا، فیلڈ مارشل سید عاصم منیر نے دونوں ممالک کے درمیان تاریخی اور آزمودہ تعلقات کی اہمیت ہوا جاگر کیا، اور اعلیٰ سطحی رابطوں کے تسلسل، مضبوط ادارہ جاتی روابط، اور باہمی دلچسپی کے شعبوں میں تعاون کو مزید وسعت دینے کی اہمیت پر زور دیا، چینی وزیر نے علاقائی امن واستحکام کے لئے پاکستان کی خدمات کو سراہا اور پاکستان اور چین کے درمیان طویل عرصے سے قائم اسٹریٹیجک شراکت داری کو مزید وسعت دینے پر اتفاق کا بھی اظہار کیا

بقیہ 02

ں پر شہریوں کا اعتماد مستحکم کیا جاسکتا ہے۔ بلوچستان جیسے وسیع رقبے اور دور دراز آبادیوں پر مشتمل صوبے میں جدید ٹیکنالوجی اور ڈیجیٹل نظام کا فروغ خصوصی اہمیت رکھتا ہے، کیونکہ اس کے ذریعے سرکاری خدمات کو عوام کی دہلیز تک پہنچانے، دفتری پیچیدگیوں میں کمی اور مختلف محکموں کے درمیان رابطہ کاری کو بہتر بنانے میں مدد مل سکتی ہے ان خیالات کا اظہار انہوں نے بلوچستان سول سروسز اکیڈمی میں ڈیجیٹل سروس ڈیلیوری کے موضوع پر منعقدہ اختتامی ورکشاپ سے خطاب کرتے ہوئے کیا۔ ڈاکٹر رباب خان بلیدی نے کہا کہ ڈیجیٹل گورننس محض ٹیکنالوجی کے استعمال کا نام نہیں بلکہ سرکاری نظام میں اصلاحات، شفافیت، جوابدہی اور عوامی ضروریات کے مطابق خدمات کی فراہمی کا ایک جامع طریقہ کار ہے۔ موجودہ دور ڈیٹا اور جدید ٹیکنالوجی کا دور ہے، اس لیے سرکاری افسران کے لیے ضروری ہے کہ وہ جدید انتظامی مہارتوں، ڈیجیٹل گورننس اور آرٹیفیشل انٹیلیجنس کے استعمال سے متعلق اپنی استعداد کار میں مسلسل اضافہ کریں تاکہ سرکاری امور کو زیادہ مؤثر، تیز رفتار اور عوام دوست بنایا جا سکے۔

بقیہ 03

مضبوط بنانا اور عوام وعمران خان کے لئے رہائی، جمہوریت کی بالادستی، آئین کی حکمرانی اور حقیقی آزادی کی جدوجہد میں شریک کرنا ہے۔ انہوں نے کہا کہ پاکستان تحریک انصاف ملک کی ایک بڑی عوامی سیاسی جماعت ہے، جس نے ہمیشہ عوام کے بنیادی حقوق، قانون کی حکمرانی، شفاف نظام حکومت اور عوامی مینڈیٹ کے احترام کے لیے آواز بلند کی ہے۔ ممبر شپ مہم پارٹی کے پیغام کو بلوچستان کے دور دراز علاقوں تک پہنچانے اور نوجوانوں سمیت زندگی کے مختلف شعبوں سے تعلق رکھنے والے افراد کو سیاسی عمل کا حصہ بنانے میں اہم کردار ادا کرے گی۔ سید صادق آغا نے پارٹی کے کارکنوں، عہدیداروں اور ہمدردوں پر زور دیا کہ وہ ممبر شپ مہم کو کامیاب بنانے کے لیے بھرپور کردار ادا کریں، عوام سے رابطے بڑھائیں اور پارٹی کے منشور اور نظریے کو وسیع، مؤثر اور منظم انداز میں لوگوں تک پہنچائیں۔ انہوں نے کہا کہ بلوچستان کے نوجوانوں میں سیاسی شعور بیدار کرنے اور انہیں ملک وصوبے کی ترقی میں فعال کردار ادا کرنے کے مواقع فراہم کرنا وقت کی اہم ضرورت ہے۔ انہوں نیکہا کہ پاکستان تحریک انصاف بلوچستان میں عوامی رابطوں کو وسعت دینے اور تنظیمی ڈھانچے کو نچلی سطح تک مضبوط بنانے کے لیے کوشاں ہے۔ پارٹی میں شمولیت اختیار کرنے والے افراد کو خوش آمدید کہا جائے گا اور ممبر شپ کے عمل کو منظم انداز میں آگے بڑھایا جائے گا۔ سید صادق آغا نے بلوچستان کے عوام سے اپیل کی کہ وہ پاکستان تحریک انصاف کی ممبر شپ مہم میں بھرپور حصہ لیں اور جمہوری، آئینی اور سیاسی جدوجہد کو مضبوط بنانے میں اپنا کردار ادا کریں۔ انہوں نے اس عزم کا اظہار کیا کہ پارٹی عوامی حقوق کے تحفظ، جمہوری اقدار کے فروغ اور بلوچستان کے مسائل کے حل کے لیے اپنی سیاسی جدوجہد جاری رکھے گی۔ یاس، اگر آپ چاہیں تو اس بیان کو مزید سیاسی اور جارحانہ انداز میں بھی تیار کیا جاسکتا ہے، جس میں عمران خان کی رہائی، عوامی مینڈیٹ اور بلوچستان کے موجودہ سیاسی حالات کو بھی شامل کیا جائے

بقیہ 04

ترسیلات زر 44 ارب ڈالر سے تجاوز کرنے کی توقع ہے، بینکوں کو اپنے سائبر سیکورٹی نظام کو موثر بنانے اور سٹیٹ بینک کے ساتھ مل کر ابھرتے خطرات سے نمٹنے کے لیے اقدامات کرنا ہوں گے۔ انہوں نے یہ بات پیر کو پاکستان بینکس ایسوسی ایشن کے زیر اہتمام ڈیجیٹل اثاثوں پر مکالمہ اور مستقبل کی بینکاری کے موضوع پر منعقدہ تقریب سے ورچوئل خطاب کرتے ہوئے کہی۔ وزیر خزانہ نے کہا کہ پاکستان کو ایسی مالیاتی جدت کی ضرورت ہے جو کاروبار کرنے کی لاگت کم کرنے اور زیادہ سے زیادہ لوگوں کو باضابطہ معیشت کا حصہ بنانے میں مدد دے، ڈیجیٹل اثاثوں کو بھی مالیاتی نظام میں اپنی افادیت حقیقی معاشی نتائج کے ذریعے ثابت کرنا ہوگی۔ انہوں نے کہا کہ روشن ڈیجیٹل اکاؤنٹس اور ترسیلات زر کا شعبہ نوکتا ئزیشن کے اہم ممکنہ استعمالات میں شامل ہے، رواں مالی سال کی پہلی سہ ماہی کے اعداد وشمار حوصلہ افزا ہیں اور توقع ہے کہ مالی سال کے اختتام پر ترسیلات زر کا مجموعی حجم 44 ارب ڈالر سے بڑھ سکتا ہے۔ وزیر خزانہ نے کہا کہ پاکستان اس وقت معاشی استحکام سے پائیدار ترقی کی جانب بڑھ رہا ہے جس کے لیے مالیاتی نظم وضبط برقرار رکھنے، برآمدات بڑھانے اور نجی سرمایہ کاری کو فروغ دینے کی ضرورت ہے

بقیہ 05

اکبر عبدالجبار اور ٹریفک عملہ، میونسپل کمیٹی کے اہلکاروں کے ہمراہ شہر کے مختلف علاقوں میں کارروائی کی گئی۔ آپریشن کے دوران دکانوں کے باہر قائم غیر قانونی تجاوزات، فٹ پاتھوں اور سڑکوں پر قائم رکاوٹوں سمیت دیگر تجاوزقبضوں کو ہٹا کر راستے عوام کے لیے بحال کر دیے گئے اس موقع پر اسسٹنٹ کمشنر احمد زیب نے دکانداروں کو واضح ہدایات جاری کرتے ہوئے کہا کہ شہری علاقوں میں سڑکوں، فٹ پاتھوں اور سرکاری اراضی پر کسی بھی قسم کی تجاوزات ہرگز برداشت نہیں کی جائیں گی۔ دکاندار اپنی دکانوں کا سامان مقررہ حدود کے اندر رکھیں اور عوامی راستوں میں رکاوٹ پیدا کرنے سے گریز کریں انہوں نے کہا کہ ناجائز تجاوزات کے باعث نہ صرف شہریوں کو آمدورفت میں شدید مشکلات کا سامنا کرنا پڑتا ہے بلکہ شہر میں ٹریفک کا نظام بھی متاثر ہوتا ہے اور اکثر اوقات ٹریفک جام کی صورتحال پیدا ہو جاتی ہے، جس سے عوام کو شدید پریشانی کا سامنا کرنا پڑتا ہے ضلعی انتظامیہ نے تمام دکانداران اور تجاوزات قائم کرنے والے عناصر کو سختی سے متنبہ کیا کہ وہ فوری طور پر اپنی تجاوزات ختم کریں اور آئندہ سرکاری احکامات کی خلاف ورزی سے گریز کریں، بصورت دیگر قانون کے مطابق بلاامتیاز کارروائی عمل میں لائی جائے گی انتظامیہ کی جانب سے کہا گیا کہ شہر میں ٹریفک کی روانی، صفائی ستھرائی، شہری نظم وضبط اور عوامی سہولیات کی بہتری کے لیے تجاوزات کے خلاف کارروائیاں تسلسل کے ساتھ جاری رکھی جائیں گی۔ شہریوں نے ضلعی انتظامیہ کی اس کارروائی کو سراہتے ہوئے مطالبہ کیا کہ شہر کے مختلف علاقوں میں تجاوزات کے خلاف مستقل بنیادوں پر کارروائی جاری رکھی جائے تاکہ ٹریفک کی روانی بہتر انداز میں دے سکتے ہیں۔ تاہم جو کچھ ہم سمجھتے اور جانتے ہیں، اس کے مطابق حکومت کی تبدیلی آئینی اور قانونی ضوابط کے تحت ہوئی تھی۔ بلوچستان کی صورتحال پر گفتگو کرتے ہوئے لیفٹیننٹ جنرل احمد شریف چوہدری نے کہا کہ دہشت گرد اپنے آقاؤں کے اشاروں پر صوبے میں ترقیاتی منصوبوں اور معاشی سرگرمیوں کو نقصان پہنچانے کی کوشش کر رہے ہیں۔ انہوں نے کہا کہ بلوچستان میں دہشت گرد صرف کان کنی کے شعبے کو ہی نشانہ نہیں بناتے بلکہ ایل پی جی ٹرکوں، اسکولوں، اساتذہ، پلوں اور ریلوے لائنوں پر بھی حملے کرتے ہیں تاکہ معاشی سرگرمیاں معطل اور ترقی کا عمل متاثر کیا جاسکے۔ ڈی جی آئی ایس پی آر کے مطابق دہشت گرد ہر اس منصوبے اور سرگرمی کو نشانہ بناتے ہیں جو مقامی آبادی کو روزگار، معاشی خودمختاری اور خوشحالی فراہم کر سکتی ہو۔ انہوں نے بلوچستان کی اشرافیہ پر تنقید کرتے ہوئے کہا کہ صوبے کے بعض بااثر طبقات عام عوام کو غریب اور ناخواندہ رکھ کر اپنا اثر ورسوخ برقرار رکھنا چاہتے ہیں۔ ان کے بقول دہشت گرد اور اشرافیہ دونوں بلوچ عوام کو غربت اور پسماندگی میں رکھنے کے خواہاں ہیں تاکہ محرومی کے بیانیے کو برقرار رکھا جاسکے۔ لیفٹیننٹ جنرل احمد شریف چوہدری نے کہا کہ بلوچستان میں دہشت گردوں اور بعض اشرافیہ کے درمیان گٹھ جوڑ موجود ہے، کیونکہ دونوں ہی صوبے کی ترقی اور عوام کی خوشحالی کے مخالف ہیں

بقیہ 07

دکا فیصلہ کیا گیا، بڑھتی ہوئی خاندانی ناچاقیوں، طلاق اور معاشرتی تشدد نے رویوں کی روک تھام کے لیے کونسل سے منسلک تمام مساجد میں "دارالصلح" قائم کرنے کا تاریخی اقدام بھی عمل میں لایا گیا۔ مکہ مکرمہ، مدینہ منورہ اور سعودی عرب پر حوثی دہشت گردوں کے حملوں کی شدید مذمت کی گئی اور حرمین شریفین ومملکت سعودی عرب کی سلامتی سے متعلق تمام تاریخی قبضوں کو بحال کر دیے گئے اس موقع پر اسسٹنٹ کمشنر احمد زیب نے دکانداروں کو واضح ہدایات جاری کرتے ہوئے کہا کہ شہری علاقوں میں سڑکوں، فٹ پاتھوں اور سرکاری اراضی پر کسی بھی قسم کی تجاوزات ہرگز برداشت نہیں کی جائیں گی۔ دکاندار اپنی دکانوں کا سامان مقررہ حدود کے اندر رکھیں اور عوامی راستوں میں رکاوٹ پیدا کرنے سے گریز کریں انہوں نے کہا کہ ناجائز تجاوزات کے باعث نہ صرف شہریوں کو آمدورفت میں شدید مشکلات کا سامنا کرنا پڑتا ہے بلکہ شہر میں ٹریفک کا نظام بھی متاثر ہوتا ہے اور اکثر اوقات ٹریفک جام کی صورتحال پیدا ہو جاتی ہے، جس سے عوام کو شدید پریشانی کا سامنا کرنا پڑتا ہے ضلعی انتظامیہ نے تمام دکانداران اور تجاوزات قائم کرنے والے عناصر کو سختی سے متنبہ کیا کہ وہ فوری طور پر اپنی تجاوزات ختم کریں اور آئندہ سرکاری احکامات کی خلاف ورزی سے گریز کریں، بصورت دیگر قانون کے مطابق بلاامتیاز کارروائی عمل میں لائی جائے گی انتظامیہ کی جانب سے کہا گیا کہ شہر میں ٹریفک کی روانی، صفائی ستھرائی، شہری نظم وضبط اور عوامی سہولیات کی بہتری کے لیے تجاوزات کے خلاف کارروائیاں تسلسل کے ساتھ جاری رکھی جائیں گی۔ شہریوں نے ضلعی انتظامیہ کی اس کارروائی کو سراہتے ہوئے مطالبہ کیا کہ شہر کے مختلف علاقوں میں تجاوزات کے خلاف مستقل بنیادوں پر کارروائی جاری رکھی جائے تاکہ ٹریفک کی روانی بہتر انداز میں دے سکتے ہیں۔ تاہم جو کچھ ہم سمجھتے اور جانتے ہیں، اس کے مطابق حکومت کی تبدیلی آئینی اور قانونی ضوابط کے تحت ہوئی تھی۔ بلوچستان کی صورتحال پر گفتگو کرتے ہوئے لیفٹیننٹ جنرل احمد شریف چوہدری نے کہا کہ دہشت گرد اپنے آقاؤں کے اشاروں پر صوبے میں ترقیاتی منصوبوں اور معاشی سرگرمیوں کو نقصان پہنچانے کی کوشش کر رہے ہیں۔ انہوں نے کہا کہ بلوچستان میں دہشت گرد صرف کان کنی کے شعبے کو ہی نشانہ نہیں بناتے بلکہ ایل پی جی ٹرکوں، اسکولوں، اساتذہ، پلوں اور ریلوے لائنوں پر بھی حملے کرتے ہیں تاکہ معاشی سرگرمیاں معطل اور ترقی کا عمل متاثر کیا جاسکے۔ ڈی جی آئی ایس پی آر کے مطابق دہشت گرد ہر اس منصوبے اور سرگرمی کو نشانہ بناتے ہیں جو مقامی آبادی کو روزگار، معاشی خودمختاری اور خوشحالی فراہم کر سکتی ہو۔ انہوں نے بلوچستان کی اشرافیہ پر تنقید کرتے ہوئے کہا کہ صوبے کے بعض بااثر طبقات عام عوام کو غریب اور ناخواندہ رکھ کر اپنا اثر ورسوخ برقرار رکھنا چاہتے ہیں۔ ان کے بقول دہشت گرد اور اشرافیہ دونوں بلوچ عوام کو غربت اور پسماندگی میں رکھنے کے خواہاں ہیں تاکہ محرومی کے بیانیے کو برقرار رکھا جاسکے۔ لیفٹیننٹ جنرل احمد شریف چوہدری نے کہا کہ بلوچستان میں دہشت گردوں اور بعض اشرافیہ کے درمیان گٹھ جوڑ موجود ہے، کیونکہ دونوں ہی صوبے کی ترقی اور عوام کی خوشحالی کے مخالف ہیں

بقیہ 07

ضوابط کے مطابق حکومت کی تبدیلی آئینی اور قانونی ضوابط کے تحت ہوئی تھی۔ بلوچستان کی صورتحال پر گفتگو کرتے ہوئے لیفٹیننٹ جنرل احمد شریف چوہدری نے کہا کہ دہشت گرد اپنے آقاؤں کے اشاروں پر صوبے میں ترقیاتی منصوبوں اور معاشی سرگرمیوں کو نقصان پہنچانے کی کوشش کر رہے ہیں۔ انہوں نے کہا کہ بلوچستان میں دہشت گرد صرف کان کنی کے شعبے کو ہی نشانہ نہیں بناتے بلکہ ایل پی جی ٹرکوں، اسکولوں، اساتذہ، پلوں اور ریلوے لائنوں پر بھی حملے کرتے ہیں تاکہ معاشی سرگرمیاں معطل اور ترقی کا عمل متاثر کیا جاسکے۔ ڈی جی آئی ایس پی آر کے مطابق دہشت گرد ہر اس منصوبے اور سرگرمی کو نشانہ بناتے ہیں جو مقامی آبادی کو روزگار، معاشی خودمختاری اور خوشحالی فراہم کر سکتی ہو۔ انہوں نے بلوچستان کی اشرافیہ پر تنقید کرتے ہوئے کہا کہ صوبے کے بعض بااثر طبقات عام عوام کو غریب اور ناخواندہ رکھ کر اپنا اثر ورسوخ برقرار رکھنا چاہتے ہیں۔ ان کے بقول دہشت گرد اور اشرافیہ دونوں بلوچ عوام کو غربت اور پسماندگی میں رکھنے کے خواہاں ہیں تاکہ محرومی کے بیانیے کو برقرار رکھا جاسکے۔ لیفٹیننٹ جنرل احمد شریف چوہدری نے کہا کہ بلوچستان میں دہشت گردوں اور بعض اشرافیہ کے درمیان گٹھ جوڑ موجود ہے، کیونکہ دونوں ہی صوبے کی ترقی اور عوام کی خوشحالی کے مخالف ہیں

بقیہ 07

اس

بقیہ 01

طلاق اور مشترکہ خاندانی نظام پر اثر پڑا ہے۔ اس کے پیش نظر ملک عزیز کے مختلف حصوں میں ’’دارالامن‘‘ قائم کرنے کا منصوبہ زیر غور ہے۔ اس کا مقصد مرد و عورت کے درمیان پیدا ہونے والے تنازعات کو باہمی گفت و شنید کے ذریعے حل کرنا ہے۔ اس کے لیے ایک ایسا ماحول پیدا کیا جائے گا جس میں فریقین کھل کر اپنا مدعا بیان کر سکیں

مین اسٹریم پرنٹ اور الیکٹرونک میڈیا سے وابستہ صحافیوں نے ہمیشہ اپنی صحافتی ذمہ داری پوری کرتے ہوئے حقائق پر مبنی خبریں دی ہیں

فیک نیوز کا پھیلاؤ ہمارے لئے ایک بڑا چیلنج ہے، شاہد رند

حکومت سوشل میڈیا اور وٹس ایپ گروپوں کے ذریعے فیک نیوز چلانے والوں کے خلاف قانونی کارروائی عمل میں لا رہی ہے

کوئٹہ (خ ن) وزیر اعلیٰ بلوچستان کے معاون برائے سیاسی و میڈیا امور شاہد رند نے کہا ہے کہ حکومت سوشل میڈیا اور وٹس ایپ گروپوں کے ذریعے فیک نیوز چلانے والوں کے خلاف قانونی کارروائی عمل میں لا رہی ہے بلوچستان کے 3 سوشل ایکٹیوسٹ کی جانب سے غلط خبریں پوسٹ کرنے پر ان کے خلاف این سی سی آئی اے کو تحریری طور پر لکھا ہے ان کے خلاف کارروائی کی جائے کیونکہ مین اسٹریم پر (باقی صفحہ 3 نمبر 4)



صحت پور، صوبائی وزیر مواصلات و تعمیرات میر سلیم احمد خان کھوسہ کو زیر تعمیر صحت پور بائی پاس کے بارے میں بریفنگ دی جا رہی ہے

چینی کمیونسٹ پارٹی کے اعلیٰ عہدیدار لیو ہائی شینگ تین روزہ دورے پر اسلام آباد پہنچ گئے

اسلام آباد (آن لائن) پاکستان اور چین کے درمیان دیرینہ دوستی اور اسٹریٹجک شراکت داری کو مزید مستحکم بنانے کے لیے اعلیٰ سطحی سفارتی روابط کا سلسلہ جاری ہے۔ چینی کمیونسٹ پارٹی کے انٹرنیشنل ڈیپارٹمنٹ کے وزیر لیو ہائی شینگ تین روزہ سرکاری دورے پر اسلام آباد پہنچ گئے ہیں۔

تحریک تحفظ آئین پاکستان کا بیرسٹر سیف کے بیان پر سخت ردعمل، شوکاز نوٹس دینے کا مطالبہ

بیرسٹر سیف کی اب نوکری چلی گئی ہے، ان کا پی ٹی آئی سے بھی کوئی تعلق نہیں، اخونزادہ حسین یوسفزئی

اسلام آباد (مانیٹرنگ ڈیسک) تحریک تحفظ آئین پاکستان نے بیرسٹر سیف کے بیان پر سخت ردعمل دیتے ہوئے چیئرمین پی ٹی آئی بیرسٹر گوہر اور سلمان اکرم راجا سے درخواست کی ہے کہ انہیں شوکاز اور شٹ اپ کال دی جائے۔ پارلیمنٹ ہاؤس میں میڈیا سے گفتگو کرتے ہوئے ترجمان تحریک تحفظ آئین پاکستان اخونزادہ حسین یوسفزئی نے کہا کہ بیرسٹر سیف کی اب نوکری چلی گئی ہے، انہیں کوئی لفٹ نہیں کروا رہا اور ان کا پی ٹی آئی سے بھی کوئی تعلق نہیں ہے، وہ کس حوالے سے پروپیگنڈا کر رہے ہیں۔ انہوں نے کہا کہ ہماری حکومت کو کے پی کے (باقی صفحہ 3 نمبر 5)

تحریک انصاف کے اندر بیرسٹر سیف جیسے کئی عناصر کے کردار پر سنجیدہ سوالات موجود ہیں، پشتونخوا میپ

بیرسٹر سیف کے محمود خان اچکزئی کی قومی اسمبلی کی نشست کو نواز شریف کی سفارش کا نتیجہ قرار دینے کے بیان کی شدید مذمت

فروری 2024 کے انتخابات کے بعد جب ملک میں قائم ہائبرڈ نظام کو اپنی گرفت مضبوط کرنے میں مشکلات درپیش تھیں، بیان

کوئٹہ (آن لائن) پشتونخوا ملی عوامی پارٹی نے بیرسٹر سیف کے ایک ٹی وی انٹرویو میں محمود خان اچکزئی کی قومی اسمبلی کی نشست کو نواز شریف کی سفارش کا نتیجہ قرار دینے کے بیان کی شدید مذمت کرتے ہوئے اسے سیاسی حقائق کو مسخ کرنے، اصولی سیاست کو متنازع بنانے اور جمہوری جدوجہد کو بدنام کرنے کے مائنس عمران خان اور پی ٹی آئی کو توڑنے کے راستے میں کھڑی آخری رکاوٹ کو ہٹانے کی کوشش قرار (باقی صفحہ 3 نمبر 6)



کوئٹہ، حکومت بلوچستان اور ٹریڈ ڈویلپمنٹ اتھارٹی پاکستان کے زیر اہتمام ویکسیٹ ایگزی بیشن کے موقع پر ڈپٹی کمشنر کوئٹہ مہر اللہ بادینی مختلف اسٹالز کا معائنہ کر رہے ہیں

قلات، پولیس میں تمام مراحل میں کامیاب 126 نئے اہلکاروں کو تقرری آرڈرز جاری

شمولیت عوامی خدمت کا بہترین موقع ہے، ڈیوٹی کو عبادت سمجھ کر قانون کی بالادستی یقینی بنائیں، ایس ایس پی

قلات (یو این اے) ضلع قلات میں بلوچستان پولیس میں بھرتی کے تمام مراحل کامیابی سے مکمل کرنے والے 109 مرد اور 17 خواتین اہلکاروں کو تقرری آرڈرز جاری کر دیے گئے ہیں۔ اس سلسلے میں پولیس لائن قلات میں نئے بھرتی ہونے والے اہلکاروں کے اعزاز میں ایک پروقار تقریب منعقد کی گئی، جہاں ایس ایس پی قلات سید زاہد حسین شاہ نے جوانوں میں تقرری آرڈرز تقسیم کیے۔ تقریب سے خطاب کرتے ہوئے ایس ایس پی قلات سید ذ (باقی صفحہ 3 نمبر 12)

رسالدار میجر لیویز زیارت ڈی ایس پی ارسلا خان کاکڑ گزشتہ روز انتقال کر گئے

زیارت (آن لائن) پشتونخوا نیشنل عوامی پارٹی ضلع زیارت کے ضلعی سیکرٹری شاہ زمان لالا کے چچازاد بھائی، رسالدار میجر لیویز زیارت ڈی ایس پی ارسلا خان کاکڑ گزشتہ روز انتقال کر گئے۔ مرحوم کو ان کے آبائی گاں، ضلع زیارت، میں سپرد خاک کر دیا گیا۔ دریں اثنا پشتونخوا نیشنل عوامی پارٹی کے صوبائی صدر نصر اللہ خان زہرے، صوبائی سیکرٹری فقیر خوشحال خان کاسی، صوبائی ڈپٹی سیکرٹریز رحمت اللہ صابر، فیاض صاحب، ڈاکٹر عبدالصمد پانیزئی، ناظم مہر اللہ اور دیگر رہنما (باقی صفحہ 3 نمبر 13)

بلوچستان اسمبلی کی نئی عمارت (کمیٹز بلاک) میں پہلا اجلاس

اجلاس میں مالیاتی بے ضابطگیوں اور آڈٹ اعتراضات کا تفصیلی جائزہ لیا گیا

کوئٹہ (آن لائن) بلوچستان صوبائی اسمبلی کی پبلک اکاؤنٹس کمیٹی (PAC) کا اجلاس اسمبلی کی نئی عمارت میں واقع کمیٹی روم نمبر 43 میں منعقد ہوا، جو نئی عمارت میں کمیٹی کا پہلا اجلاس تھا۔ اجلاس کے انتظامات خوش اسلوبی سے مکمل کیے گئے۔ اجلاس کی صدارت کمیٹی کے چیئرمین اصغر علی ترین نے کی، جبکہ کمیٹی کے اراکین رحمت صالح بلوچ، ولی محمد نورزئی اور زاہد علی ریکی اجلاس میں شریک تھے۔ اجلاس کے پہلے سیشن میں اکاؤنٹ جنرل بلوچستان کی سرٹیفکیشن آڈٹ رپورٹ کا تفصیلی جائزہ لیا گیا۔ اجلاس کے آغاز پر سیکرٹری خزانہ کی (باقی صفحہ 3 نمبر 28)

سیکورٹی فورسز کی کاروائی، 2 دہشت گرد زخمی گرفتار

دہشتگردوں کی جانب سے آئی ای ڈی نصب کرنے کی کوشش ناکام بنادی

کوئٹہ (آن لائن) سیکورٹی فورسز کے عملے نے آپریشن ردالفتنہ تھری کے تحت کارروائی کرتے ہوئے دہشت گردوں کی جانب سے آئی ای ڈی نصب کرنے کی کوشش ناکام بنادی جس سے 2 دہشت گرد زخمی ہو گئے اور سیکورٹی اہلکار محفوظ رہے سیکورٹی ذرائع کے مطابق گزشتہ روز سیکورٹی فورسز کے عملے نے نوشکی کے علاقے جورگین مال کے علاقے میں نامعلوم دہشت گردوں کی جانب سے آئی ای ڈی نصب کرنے کی کوشش ناکام بناتے ہوئے آئی ای ڈی کو فائر کر کے ناکارہ بنا دیا اور آپریشن کے دوران 2 دہشت گردوں کو زخمی کر دیا اور دہشت گر (باقی صفحہ 3 نمبر 29)

سوشل میڈیا پر جعلی خبروں کا پھیلاؤ بڑا چیلنج بن چکا ہے، شاہد رند

سوشل میڈیا پر جعلی خبروں کا پھیلاؤ ایک بڑا چیلنج بن چکا ہے، حکومت کو فیک نیوز کیخلاف قانونی کارروائی کا حق حاصل ہے اس لیے ان کی ذمہ داری یا قصور کا حتمی تعین متعلقہ قانونی فورم ہی کرے گا

کوئٹہ (اے این این) معاون وزیر اعلیٰ بلوچستان شاہد رند نے کہا ہے کہ سوشل میڈیا پر فیک نیوز اور غیر مصدقہ اطلاعات کا پھیلاؤ حکومت اور معاشرے کے لیے ایک بڑا چیلنج بن چکا ہے، جس سے نمٹنے کے لیے قانونی اقدامات ناگزیر ہیں بلوچستان کے تین صحافیوں کے خلاف مبینہ طور پر غلط خبریں نشر کرنے کے معاملے پر کارروائی شروع کر دی گئی ہے، جبکہ تینوں افراد کے خلاف نیشنل سائبر کرائم انویسٹی گیشن ایجنسی (این سی سی آئی اے) کے ذریعے مقدمات درج کیے گئے ہیں۔ کوئٹہ پریس کلب میں پریس کانفرنس سے خطاب کرتے ہو (باقی صفحہ 3 نمبر 10)

جامعہ گوادر کی قومی اقتصاب بیورو (نیب) بلوچستان کے زیر اہتمام عالمی یوم انسداد بدعنوانی سیمینار

گوادر (خ ن) جامعہ گوادر نے قومی اقتصاب بیورو (نیب) بلوچستان کے زیر اہتمام عالمی یوم انسداد بدعنوانی کے موقع پر منعقدہ انٹرنیشنل سٹوڈنٹ شارٹ فلمی مقابلہ-2026 میں دو (باقی صفحہ 3 نمبر 11)

'پارٹی میں گروپ بندی یا تقسیم نہیں'، پی ٹی آئی سیاسی کمیٹی اجلاس کا اعلامیہ جاری

اسلام آباد (آن لائن) پاکستان تحریک انصاف (پی ٹی آئی) کی سیاسی کمیٹی کے اجلاس کا اعلامیہ جاری کر دیا گیا جس میں کہا گیا ہے کہ پارٹی میں کسی قسم کی گروپ بندی یا تقسیم نہیں۔

وفاقی محتسب کے حکم پر درخواست گزار فوزیل شہزاد کو میرج گرانٹ کی مد میں 50 ہزار کا چیک دلوا دیا گیا

کوئٹہ (پ ر) درخواست گزار فوزیل شہزاد نے بتایا کہ انہوں نے میرج گرانٹ کی ادائیگی کے لیے متعلقہ محکمے کو متعدد بار درخواست دی اور کاغذات ارسال کیے لیکن کوئی شنوائی نہیں ہوئی۔ لہٰذا انصاف کے حصول کے لیے انہوں نے وفاقی محتسب کوئٹہ سے رجوع کیا اور متعلقہ محکمے (باقی صفحہ 3 نمبر 15)

ڈپٹی کمشنر سیوی میجر (ر) الیاس کبزئی کی وائس چانسلر میر چاکر خان رند یونیورسٹی پروفیسر ممتاز علی بلوچ سے ملاقات

سیوی (خ ن) ڈپٹی کمشنر سیوی میجر (ر) الیاس کبزئی نے وائس چانسلر میر چاکر خان رند یونیورسٹی پروفیسر ممتاز علی بلوچ سے ملاقات کی اور یونیورسٹی کا دورہ کیا۔ ملاقات کے دوران بلوچستان کیپٹل ڈیولپمنٹ اتھارٹی (BSDI) کے تحت یونیورسٹی میں جاری ترقیاتی منصوبوں (باقی صفحہ 3 نمبر 16)



ڈپٹی کمشنر سیوی میجر (ر) الیاس کبزئی BSD فنڈز تحری کے تحت واٹر سپلائی پائپ لائن کی بچھائی کے منصوبے کا معائنہ کر رہے ہیں

احتجاج ملزمان کی گرفتاری تک جاری رہے گی، نواب ایاز جوگیزئی

لواحقین اور علاقے کے لوگوں نے شہدا کے ہمراہ کوئٹہ چمن شاہراہ احتجاجی طور پر بند رکھی ہے

کوئٹہ (آن لائن) پشتونخوا ملی عوامی پارٹی کے مرکزی سیکرٹری نواب محمد ایاز خان جوگیزئی نے گزشتہ رات ضلع قلعہ عبداللہ خان کلی نگ مسے زئی میں حنفیا کاکڑ اور ان کے (باقی صفحہ 3 نمبر 17)

دانش اسکول لہڑی کی تعمیر میں مبینہ مداخلت، میر علی مردان ڈومکی کا اظہار تشویش

رکاوٹ ڈالنا علاقے کے غریب اور مستحق بچوں کے تعلیمی مستقبل کو متاثر کرنے کے مترادف ہے

کوئٹہ (آن لائن) سابق نگراں وزیر اعلیٰ بلوچستان میر علی مردان خان ڈومکی نے تحصیل لہڑی میں دانش پبلک اسکول کی تعمیر میں رکاوٹ ڈالنا علاقے کے غریب اور مستحق بچوں کے تعلیمی مستقبل کو متاثر کرنے کے مترادف ہے، اس عوامی (باقی صفحہ 3 نمبر 19)

صحبت پور، تجاوزات کے نام پر آپریشن اور لسانیت نے شہر کو کھنڈر بنا دیا، ذاکر حسین ناوڑا

صحبت پور (یو این اے) شہری ایکشن کمیٹی صحبت پور کے رہنما، سابق جنرل کونسلر اور مزدور رہنما ہوٹل یونین کے صدر ذاکر حسین ناوڑا نے ضلعی انتظامیہ کی جانب سے تجاوزات کے نام پر جاری آپریشن پر شدید تشویش کا اظہار کرتے ہوئے کہا ہے کہ افسر شاہی، سیاسی رشتہ داری اور پسند و ناپسند پر مبنی پالیسیوں نے صحبت پور کو تباہ کر کے رکھ دیا ہے۔ تفصیلات کے مطابق (باقی صفحہ 3 نمبر 20)

سرکاری امور میں 'آرٹیفیشل انٹیلی جنس' (مصنوعی ذہانت) کے استعمال کے ذریعے عوام کو بروقت خدمات کی فراہمی کو یقینی بنانا ہے

محکموں کے کاری افسران کیلئے ڈیجیٹل گورننس کے عنوان سے تربیتی کورس کا آغاز

بطور حکومت، ہم تمام سرکاری امور کو ڈیجیٹلائز کر کے بہتر طرز حکمرانی کو یقینی بنانا چاہتے ہیں، ڈاکٹر ربابہ خان بلیدی کا خطاب

کوئٹہ (خ ن) بلوچستان سول سروس اکیڈمی (BCSA) نے 'اکاؤنٹیبلٹی لیب پاکستان' کے اشتراک سے مختلف صوبائی محکموں کے سرکاری افسران کے لیے ڈیجیٹل گورننس کے عنوان سے پیر کے روز تین روزہ تربیتی کورس کا آغاز کر دیا ہے۔ اس کورس کا مقصد "ڈیجیٹل گورننس" اور سرکاری امور میں 'آرٹیفیشل انٹیلی جنس' (مصنوعی ذہانت) کے استعمال کے ذریعے عوام کو بروقت خدمات کی فراہمی کو یقینی بنانا ہے۔

پاکستان علماء کونسل کا ملک گیر علماء و مشائخ کنونشنز کا فیصلہ، مساجد میں "دارالصلح" قائم کرنے کا اعلان

لاہور (آن لائن) پاکستان علماء کونسل کی مرکزی مجلس شوریٰ و عاملہ کے اجلاس میں ملکی و عالمی صورتحال کا جائزہ لیتے ہوئے انتہا پسندی کے خاتمے، جین المسالک ہم آہنگی اور قومی اتحاد کے لیے ملک گیر علماء و مشائخ کنونشنز کے انعقاد کا فیصلہ کیا گیا، بڑھتی ہوئی خاندانی ناچاکیوں، (باقی صفحہ 3 نمبر 1)

وزارتِ صحت اور صحت کہانی کے درمیان مفاہمتی یادداشت پر دستخط

ٹیلی میڈیسن کی سہولیات کے دائرہ کار کو وسعت دی جائے گی

اسلام آباد (یو این اے) وزارت صحت اور معروف ڈیجیٹل ہیلتھ ٹیک اینڈ ٹیلی میڈیسن ادارے صحت کہانی کے درمیان ٹیلی میڈیسن کی سہولیات کے فروغ اور دائرہ کار کو مزید وسعت دینے کے لیے مفاہمتی یادداشت پر دستخط کیے گئے۔ اس سلسلے میں وزارت صحت میں منعقدہ تقریب سے وفاقی وزیر صحت سید مصطفیٰ کمال نے خطاب کیا۔ وفاقی وزیر صحت سید مصطفیٰ کمال نے کہا کہ آج ہم نے ایک اور اہم سنگ میل عبور کیا ہے۔ ٹیلی میڈیسن منصوبے کا پہلا مرحلہ مکمل ہو چکا ہے اور آج دوسرے مرحلے کا باقاعدہ آغاز کر رہے ہیں۔

کلرکس سرکاری نظام کا ایک اہم حصہ ہیں، نسیم الرحمن ملاخیل

سرکاری اداروں کی مؤثر کارکردگی اور عوام کو بہتر خدمات کی فراہمی میں کلریکل اسٹاف کا کردار بنیادی اہمیت رکھتا ہے، خطاب

دفتری امور کی انجام دہی، ریکارڈ کی دیکھ بھال اور انتظامی معاملات کو مؤثر انداز میں آگے بڑھانے میں ان کی خدمات قابل قدر ہیں

کوئٹہ (خ ن) صوبائی مشیر برائے ماحولیات و موسمیاتی تبدیلی نسیم الرحمن خان ملاخیل نے کہا ہے کہ سرکاری اداروں کی مؤثر کارکردگی اور عوام کو بہتر خدمات کی فراہمی میں کلریکل اسٹاف کا کردار بنیادی اہمیت رکھتا ہے۔ کلرکس سرکاری نظام کا ایک اہم حصہ ہیں اور دفتری امور کی انجام دہی، ریکارڈ کی دیکھ بھال اور انتظامی معاملات کو مؤثر انداز میں آگے بڑھانے میں ان کی خدمات قابل قدر ہیں۔ ان خیالات (باقی صفحہ 3 نمبر 35)

ڈپٹی کمشنر قلات کی زیر صدارت پولیو مہم کے پہلے روز کے اختتام پر اجلاس

قلات (خ ن) ڈپٹی کمشنر قلات انجینئر عائشہ زہری کی زیر صدارت پولیو مہم کے پہلے روز کے اختتام پر ایونگ جائزہ اجلاس (باقی صفحہ 3 نمبر 9)

پاکستان سمیت پوری دنیا کو امن کی ضرورت ہے، سید حامد سعید کاظمی

سبی (اے این این) جماعت اہل سنت پاکستان کے قائد علامہ سید حامد سعید شاہ کاظمی نے کہا ہے کہ پاکستان سمیت پوری دنیا کو امن کی ضرورت ہے رحمت دو جہاں حضور (باقی صفحہ 3 نمبر 7)

کوئٹہ، گیس بلوں میں بے تحاشا اضافے اور لوڈشیڈنگ کے خلاف پشتونخوا میپ کا 5 نومبر کو احتجاج کا اعلان

کوئٹہ (یو این اے) پشتونخوا نیشنل عوامی پارٹی ضلع کوئٹہ کا گیس بلوں میں بے تحاشا اضافے اور گیس لوڈشیڈنگ کے خلاف 5 نومبر کو احتجاجی مظاہرے کا اعلان کیا پشتونخوا نیشنل عوامی پارٹی ضلع کوئٹہ کے کمیٹی اجلاس میں فیصلہ کیا گیا (باقی صفحہ 3 نمبر 8)

شہر دہشتگردی اور انتظامی تباہی کی زد میں ہے، رحیم کاکڑ کی شدید تنقید

صفائی کا نظام کرپٹ گروہ کے سپرد، بلدیاتی جائیدادوں پر بااثر شخصیات کے قبضے کا انجام زمانہ دیکھے گا

کوئٹہ (یو این اے) تحریک انصاف کے رکن و سابق میئر کوئٹہ رحیم کاکڑ نے افسوس کا اظہار کیا ہے کہ ایک طرف صوبے خصوصاً کوئٹہ کو دہشتگردی نے تباہ کر دیا دوسری طرف میٹرو پولیٹن کا عملہ ختم ہو چکا ہے صفائی صفاء فراڈ نامی ایک کرپٹ گروہ کو دیا جا رہا ہے شہر کے تمام اسٹریٹ لائٹس خراب اور بند ہو چکی ہے رات کے وقت پرا شہر آوارہ کتوں کے حوالے کوئٹہ کے ہوٹل فوڈ اتھار (باقی صفحہ 3 نمبر 32)

فرنٹ لائن ہیلتھ ورکرز (FLWs) کا اہم اور باقاعدہ اجلاس

ہرنائی (خ ن) ضلع ہرنائی کی یونین کونسل گرمی میں عوامی صحت کے بنیادی اہداف کے حصول اور میدانی خدمات کو مزید موثر بنانے کے سلسلے میں فرنٹ لائن ہیلتھ ورکرز (FLWs) کا ایک اہم اور باقاعدہ صبح کا اجلاس منعقد ہوا۔ اجلاس کی صدارت ڈسٹرکٹ ہیلتھ آفیسر (ڈی ایچ او) ہرنائی نے کی، جس میں علاقے میں درپیش طبی (باقی صفحہ 3 نمبر 26)

ایس ایم ایز کو فروغ دینے اور کاروبار کی توسیع کیلئے مؤثر اقدامات ضروری ہیں، وزیر خزانہ

وزیر خزانہ محمد اورنگزیب کی لاہور چیمبر آف کامرس کے صدر علی حسام اصغر سے ملاقات، اہم امور پر گفتگو

اسلام آباد (آن لائن) وزیر خزانہ محمد اورنگزیب کی لاہور چیمبر آف کامرس کے صدر علی حسام اصغر سے ملاقات ہوئی۔ وزیر خزانہ نے کہا کہ حکومت کی ترجیح برآمدات پر مبنی پائیدار معاشی ترقی کا حصول ہے، نجی معاشی ترقی کے لیے نجی شعبے کی شمولیت اور برآمدات میں اضافے کو مرکزی حیثیت حاصل ہے، کاروباری ماحول میں بہتری کے لیے آسان اور قابل پیش گوئی پا (باقی صفحہ 3 نمبر 34)

ٹیم ویور استعمال کرنے والے سرکاری و نجی اداروں کو فوری حفاظتی اقدامات کی ہدایت

ٹیم ویور سافٹ ویئر میں سنگین سائبر سیکیورٹی خامی کا انکشاف، نیشنل سرٹ کی ایڈوائزری جاری

اسلام آباد (آن لائن) ٹیم ویور سافٹ ویئر میں سنگین سائبر سیکیورٹی خامی کا انکشاف ہونے کے بعد نیشنل سرٹ کی ایڈوائزری جاری کی گئی ہے جس میں ٹیم ویور استعمال کرنے والے سرکاری و نجی اداروں کو فوری حفاظتی اقدامات کی ہدایت کی گئی ہے۔ نیشنل سرٹ کے مطابق ٹیم ویور کی خامی سے ہیکر ز کو سسٹم میں نقصان دہ کوڈ چلانے کا موقع مل سکتا ہے، ٹیم ویور کی سی (باقی صفحہ 3 نمبر 33)

سینیٹ قائمہ کمیٹی برائے لیس ڈیولپڈ ایریا کی ذیلی کمیٹی کا اجلاس، آغاز حقوق بلوچستان پیکیج پر پیش رفت کا جائزہ

اسلام آباد (آن لائن) سینیٹ کی قائمہ کمیٹی برائے لیس ڈیولپڈ ایریا کی ذیلی کمیٹی کا اجلاس اولڈ پی آئی پی ایس ہال (PIPS) پارلیمنٹ لاجز، اسلام آباد میں کنوینر سینیٹر جان محمد کی زیر صدارت منعقد ہوا۔ کمیٹی کو پلاننگ کمیشن کی جانب سے آغاز حقوق بلوچستان پیکیج کے تحت جاری (باقی صفحہ 3 نمبر 27)

وفاقی وزیر تجارت جام کمال خان کا سیک کے 42 ویں وزارتی اجلاس میں شرکت کیلئے استنبول پہنچ گئے

استنبول / کوئٹہ (آن لائن) پاکستان نے اسلامی ممالک کے ساتھ تجارتی روابط کو مزید وسعت دینے اور علاقائی اقتصادی تعاون کے فروغ کے لیے سفارتی و تجارتی سرگرمیاں تیز کر دی ہیں۔ اس سلسلے میں وفاقی وزیر تجارت جام کمال خان اسلامی تعاون تنظیم (او آئی سی) کی قا (باقی صفحہ 3 نمبر 23)

ایس ایس جی سی افسران کا اجلاس، شہر میں گیس پریشر میں کمی اور لوڈشیڈنگ پر تشویش کا اظہار

گیس کی بلاتعطل فراہمی اور عوامی شکایات کے ازالے کے لیے موثر حکمت عملی تشکیل دینے پر اتفاق

کوئٹہ (یو این اے) سوئی سدرن گیس کمپنی (ایس ایس جی سی) کوئٹہ کے سینئر افسر حاجی نصیر احمد لہڑی نے تحصیلات کلیم کے انچارج محمد زبیر سے ملاقات کی، جس میں کوئٹہ شہر میں گیس کی لوڈشیڈنگ، گیس پریشر میں کمی، صارفین کو درپیش مشکلات، گیس کی بلاتعطل فراہمی اور عوامی شکایات کے ازالے سمیت مختلف اہم امور پر تفصیلی تبادلہ خیال کیا گیا۔ ملاقات کے دوران کوئٹہ کے مختلف علاقوں میں گیس کی فراہمی سے متعلق صورتحال اور صارفین کو روزمرہ زندگی میں پیش آنے والی مشکلات پر گفتگو ہوئی۔ اس موقع پر اس امر پر زور دیا گیا کہ گیس کی فراہمی میں درپیش مسائل (باقی صفحہ 3 نمبر 24)

اپنا گھر اسکیم سے ہاؤسنگ و تعمیرات کے شعبے سے منسلک کئی صنعتوں کو فروغ ملے گا، وزیر اعظم

وزیر خزانہ کو ایس ایم ای سیکٹر، زراعت اور ہاؤسنگ فائنانسنگ سے متعلق مسائل حل اور جامع لائحہ عمل مرتب کرنے کی ہدایت

قرضوں کا حجم 1148 ارب روپے اور قرض حاصل کرنے والے کاروباری افراد کی تعداد 3 لاکھ 42 ہزار 458 تک پہنچ گئی ہے

اسلام آباد (آن لائن) وزیر اعظم محمد شہباز شریف نے کہا ہے کہ اپنا گھر اسکیم سے ہاؤسنگ و تعمیرات کے شعبے سے منسلک کئی صنعتوں کو فروغ ملے گا، چھوٹے و درمیانے درجے کے کاروبار، ہاؤسنگ اور زراعت کی ترقی سے معیشت میں بہتری اور نوجوانوں کو روزگار فراہم کرنا حکومت کی اولین ترجیح ہے اور وزیر خزانہ کو ایس ایم ای سیکٹر، زراعت اور ہاؤسنگ کے شعبے کے (باقی صفحہ 3 نمبر 22)

وفاقی وزیر تجارت جام کمال خان کا سیک کے 42 ویں وزارتی اجلاس میں شرکت کیلئے استنبول پہنچ گئے

فرنٹ لائن ہیلتھ ورکرز (FLWs) کا اہم اور باقاعدہ اجلاس

صدر شی جن پنگ کے انقلابی افکار نے چین میں گڈ گورننس اور ترقی کی راہ ہموار کی، اسحاق ڈار

پارلیمانی، تھنک ٹینکس اور یونیورسٹیوں کی سطح پر پاک چین تعلقات کا مزید فروغ ضروری، خطاب

اسلام آباد (آن لائن) نائب وزیر اعظم اسحاق ڈار اور چینی وزیر لیو ہائی سنگ کی مشترکہ صدارت میں سیمینار کا انعقاد کیا گیا۔ سیمینار میں صدر شی جن پنگ کے پارٹی بلڈنگ نظریے اور پاک چین گورننس پر تفصیلی غور کیا گیا۔ وزیر خارجہ اسحاق ڈار نے اپنے خطاب میں کہا کہ صدر شی جن پنگ کے انقلابی افکار نے چین میں گڈ گورننس اور ترقی کی راہ ہموار کی، چین نے کروڑوں (باقی صفحہ 3 نمبر 30)

شہری کو غلط جگہ بھیجی گئی تعلیمی ٹرانسکرپٹ موصول، شکایت کا کامیاب ازالہ

خضدار/ سوراب (پ ر) وفاقی محتسب پاکستان نے عوامی شکایات کے سستے اور فوری ازالے کی روایت برقرار رکھتے ہوئے پاکستان پوسٹ (محکمہ ڈاک) کی غفلت کا نوٹس لے کر ایک شہری کی گمشدہ تعلیمی ٹرانسکرپٹ کی بحالی ممکن بنا دی ہے۔ تفصیلات کے (باقی صفحہ 3 نمبر 25)



کوئٹہ، چیف سیکرٹری بلوچستان شکیل قادر خان ڈپٹی کمشنرز کانفرنس سے خطاب کر رہے ہیں



کوئٹہ، مشیر ترقی نسواں ڈاکٹر ربابہ خان بلیدی گورنر ہاؤس میں منعقدہ کانفرنس میں شریک ہیں

کوئٹہ، ڈائریکٹر اقرا انوار القرآن سکولز وسیم احمد علیزئی، پروفیسر ڈاکٹر جاوید احمد بلوچ اور دیگر اقرا النور القرآن ہائی سکول بی بی زیارت سریاب روڈ پر سائنسی نمائش کی تقریب کے اختتام پر طلباء طالبات میں انعامات تقسیم کر رہے ہیں

چیف ایڈیٹر و پبلشر محمد عاطف خان نے السعید پرنٹنگ پریس مشن روڈ کوئٹہ سے چھپوا کر دفتر روزنامہ تعمیر وطن کوئٹہ اسٹینڈرڈ کمپلیکس مشن روڈ کوئٹہ سے شائع کیا فون نمبر: 2824878 موبائل نمبر 03337867133 ای میل: twnisb@gmail.com tameerewatan33@gmail.com